# بھائی بُھلکڑ

ورک شیٹ برائے سبق ۱۰

لاحقے: ایسے حروف کو کہتے ہیں جو کسی لفظ کے آخر میں لگانے سے اس کے معنی تبدیل کر دے، مثلاً: ''میز پوش'' اور ''سوداگر'' میں پوش اور گر لاحقے ہیں۔

۱۔ دیے گئے جُملوں میں لاحقے پہچان کر لکھیے۔

| جُملے | لاحقے |
|---|---|
| یہ چیز بہت خوفناک ہے۔ | |
| ڈاکٹر عبدالقدیر خان پاکستانی سائنس داں تھے۔ | |
| میں نے جلد ساز سے کتاب پر نئی جلد لگوائی۔ | |
| علّامہ اقبال نہایت دانش مند تھے۔ | |
| یہ ایک حیرت انگیز تصویر تھی۔ | |
| ہمیں ذمّے دار شہری بننا چاہیے۔ | |
| یہ میرا پسندیدہ کتب خانہ ہے۔ | |
| یہاں کی عید گاہ بہت بڑی ہے۔ | |

۲۔ دیے گئے لاحقوں کے تین تین نئے الفاظ لکھیے۔

| لاحقے | نئے الفاظ | | |
|---|---|---|---|
| تر | | | |
| گر | | | |
| پن | | | |
| دار | | | |
| خانہ | | | |

۳۔ دیے گئے جُملوں میں سابقے اور لاحقے پہچان کر لکھیے۔

| جُملے | سابقے | لاحقے |
|---|---|---|
| وہ لڑکا بہت عقل مند ہے۔ | | |
| تمام بچّے بے حد خوش ہیں۔ | | |
| میرے کمرے میں روشن دان ہے۔ | | |
| وہ ناکام نہیں ہوا۔ | | |
| یہ آدمی یہاں کا چوکی دار ہے۔ | | |
| اس کے کپڑے ناپاک ہو گئے۔ | | |